# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 2 کے لئے



ٹیچر کیلئے نوٹ

یہ کتاب دوسری جماعت کے بچوں کے لئے لکھی گئی ہے۔ ٹیچر اگر چاہیں تو بچوں کی ذہنی سطح کے لحاظ سے اس میں ردوبدل کرسکتی ہیں۔

## سیشن 1

10 منٹ

- کتاب کھٹا بکرا شروع کرنے سے پہلے ٹیچر بچوں کو ایک بکرے کے بارے میں کہانی سنائیں جو بہت نیبو کھاتا تھا۔
- ٹیچر یہ کہانی ذرا نمک مصالحہ لگا کر بچوں کو سنائیں۔ مثلاً ایک بہت گھنا جنگل تھا۔ وہاں ہر قسم کے پھول پودے اور درخت لگے ہوئے تھے۔ جن پر پھول بھی تھے۔ اس جنگل میں بہت سارے جانور بھی تھے۔ (ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ کون کون سے جانور جنگل میں ہوں گے۔ بچے بہت سارے جانوروں کے نام بتائیں گے۔ سب بچوں کو بولنے دیں)۔ اسی جنگل میں ایک بکرا بھی رہتا تھا اور وہاں نیبو کے بہت سارے پیڑ بھی تھے۔ بکرے کو کوئی پودا یا جھاڑی پسند نہ تھی۔ بس وہ شیر سے ڈر کر نیبو کے درخت پر چڑھ جاتا اور صبح وشام نیبو کھاتا رہتا۔ جب شیر کا نیبو کے پیڑ کے پاس سے گزر ہوتا تو وہ للچائی نظروں سے بکرے کو دیکھتا اور بکرا درخت پر خوشی خوشی بیٹھا رہتا کیونکہ شیر اس کا کچھ بگاڑ نہیں سکتا۔
- ایک دن شیر نے اپنی دوست لومڑی سے کہا کہ وہ بکرے کے پاس جائے اور اسے اپنے پاس نیچے بلائے۔ پھر شیر جھاڑی کے پیچھے چھپ گیا اور لومڑی نے نیبو کے درخت کے نیچے کھڑے ہوکر بکرے کو بڑے پیار سے نیچے بلایا۔ بکرا سو رہا تھا۔ جب لومڑی کی آواز سنی تو پہلے ادھر ادھر دیکھا کہ شیر تو کہیں نہیں ہے۔ پھر انگڑائی لیتے ہوئے نیچے لومڑی سے ملنے آیا۔ جوں ہی بکرا نیچے آیا ۔ شیر میاں نے جھپکا مارا اور بکرے کو اپنے منہ میں لے لیا۔ اتنے میں بہت سارے جانور بھی وہاں آگئے اور خوب شور کرنے لگے کہ شیر بکرے کو چھوڑ دے۔ مگر شیر میاں کس کی سنتے۔ وہ تو کئی دنوں کے بھوکے تھے۔ مگر بکرے کو جیسے ہی کھانا چاہا ان کا منہ اتنا ترش ہوا کہ انہوں نے فوراً بکرے کو چھوڑ دیا۔ شیر نے اتنا بدمزہ بکرا آج

تک نہیں کھایا تھا۔ ادھر شیر کی طبعیت خراب ہوئی ادھر بکرا دم دبا کر درخت پر بھاگا اور سب جانوروں نے دوست کے ساتھ بے وفائی کرنے پر لومڑی کو بہت برا بھلا کہا اور سب نے اس سے دوستی ہمیشہ کے لئے ختم کرلی۔

- اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ زبانی تو آپ نے کہانی سن لی۔ اب ہم اسی کہانی کو ذرا مختلف انداز میں نظم کی شکل میں پڑھیں گے۔
- ٹیچر نظم پڑھ کر سنائیں۔ لہجہ صاف اور الفاظ تاثرات کے ساتھ پڑھیں۔

15 منٹ

- اب بچوں سے پوچھیں کہ ان کو یہ نظم کی کہانی کیسی لگی اور کیا وہ بھی ایک ایسی کہانی لکھنا چاہیں گے۔
- اگر وہ کہیں کہ ہاں وہ چاہیں گے تو ٹیچر بتائیں کہ کل ہم کلاس میں ایسی ہی کہانی پر کام کریں گے۔ مگر کہانی پر کام کرنے سے پہلے آپ لوگ گھر سے سوچ کر آئیں کہ ہماری کہانی کا عنوان کیا ہونا چاہیئے۔

20 منٹ

- بچوں سے کہیں ہمیں کہانی لکھنے سے پہلے کہانی لکھنے کا طریقہ بھی آنا چاہیئے ۔(لفظوں کو جوڑ توڑ کر جملے بنانا) اس لئے آج ہم کلاس میں اس پر مشق کریں گے۔ پھر ٹیچر 5-6 بچوں سے نظم پڑھوائیں اور کوشش کریں کہ بچے نظم تاثرات اور الفاظ کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ پڑھیں۔ جب نظم پڑھ لیں تو چار پانچ بچوں کو مزید نظم باری باری پڑھنے کو کہیں۔ جب وہ پڑھ رہے ہوں تو مشکل الفاظ اگر درمیان میں آئیں تو وہ الفاظ ٹیچر بورڈ پر لکھیں اور ان کی توڑ بھی لکھیں۔ جب لکھ چکیں تو بچوں سے کہیں کہ الفاظ بورڈ سے کاپی پر اتاریں۔

گھر کا کام

- بچے بورڈ پر لکھے الفاظ کی انگریزی گھر سے لکھ کر لائیں۔ ٹیچر اس بات کا خیال رکھیں کہ بورڈ پر کم از کم دس الفاظ ضرور لکھیں۔

## سیشن 2

20 منٹ

- آج ٹیچر بچوں سے ان کے لائے ہوئے کام کی زبانی چیکنگ کریں۔ اس کے لئے بچوں سے پوچھیں کہ انہوں نے اردو الفاظ کی انگریزی کیا لکھی ہے۔ اگر وہ صحیح بتائیں تو اس کی تعریف کریں۔ اگر غلط بتائیں تو اس کی تصحیح کریں۔

10 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ آج ہم کتاب کی باری باری پڑھائی کریں گے۔ مشکل الفاظ کو ٹیچر بچوں کو ہجے کرکے اور الفاظ کی توڑ کرکے پڑھنا سکھائیں۔

15 منٹ

- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ ہم کل اپنی کہانی بنائیں گے۔ لیکن آج ہم پہلے املا کرلیں تاکہ الفاظ کو صحیح طریقے سے لکھنا آجائے۔ اب بچوں کا املا کروائیں۔ کوشش کریں کہ آسان الفاظ کا املا ہو اور آج انہوں نے املا کی تیاری بھی نہیں کی ہے۔ ٹیچر وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں جن کا املا کروایا ہے بچے خود اپنی اپنی کاپیاں چیک کریں اور خود کو نمبر دیں۔

## سیشن 3

45 منٹ

- آج بچوں سے کہیں کہ آج ہم اڑتا شیر پر ایک کہانی بنائیں گے۔
- بچے جو جملے بنائیں ان کو ترمیم کے ساتھ ٹیچر بورڈ پر لکھتی جائیں۔

- کہانی شروع کرنا شاید بچوں کے لئے مشکل ہو۔ اس لئے ٹیچر ان سے کہیں کہ ہم کیوں نہ اس طرح شروع کریں کہ ''ایک بہت ہی خراب شیر جنگل میں رہتا تھا'' اب اس حوالے سے دو چار جملے اور بولیں مثلاً شیر کے پر نکل آئے تو بچے کچھ نہ کچھ جواب دیں گے۔ پھر

ٹیچر بھی بتائیں کہ زمین پر شیر جانور کھاتا تھا۔ اڑنے لگا تو پرندے کھانے لگا۔ پہلے جنگل میں سارے جانور پریشان تھے۔ اب ہوا میں چیل، کوے، چڑیاں سب اپنی اپنی جان کی حفاظت کرتے شیر سے بچتے پھرتے۔

- بچوں سے کہیں کہ اب وہ اس پر بھی جملے بنائیں۔

- ٹیچر بچوں سے یہ بھی کہیں کہ یہ لالچی اور خراب شیر پرندوں کو کھانے کی لالچ میں اتنی دور تک اڑتا گیا کہ سورج تک پہنچ گیا اور وہاں سورج کی آگ سے جل کر مر گیا۔ سارے جانور اور پرندے خوش رہنے لگے۔

نوٹ

- ٹیچر بچوں کے بتائے ہوئے جملوں کو بورڈ کے علاوہ اپنے پاس بھی لکھ لیں‌اور پھر اس کی ترمیم کرکے بچوں کی ہی زبان میں ایک کہانی بنائیں (ٹیچر یہ کام گھر لے جا کر کریں)۔

## سیشن 4

45 منٹ

- آج بچے اپنی بنائی ہوئی کہانی پر آرٹ ورک کریں۔ پھر ان سے کہیں کہ اس کہانی سے متعلق بچے تصویریں بنائیں مثلاً اڑتا ہوا ہاتھی، سورج سے جلتا ہوا شیر وغیرہ وغیرہ۔
- جب بچے کام کرلیں تو ٹیچر کام اکٹھا کریں اور اگر وقت ہو تو کلاس میں اسے پیپر کلپ کی مدد سے باندھ کر کلاس میں کام کو display کریں۔
- اگر وقت بچ جائے تو ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ کیا بکرا نیبو کھاتا ہے اگر نہیں تو کیوں۔ دوسرے جانور کیا شوق سے کھاتے ہیں۔

- اڑتا شیر لکھنے والے بچوں کے پورے نام ضرور لکھیں۔

- ٹیچر بچوں کی بنائی ہوئی کہانی کو کتاب کی شکل میں لکھیں۔ کتاب کے کور پر ٹائٹل اڑتا شیر اور لکھنے والے بچوں کے پورے نام لکھیں۔ یعنی آٹھ یا دس صفحات کی اس کتاب میں بچوں کی بنائی کچھ تصویریں جو اچھی ہیں وہ بھی لگائیں۔ کتاب کی بچوں کی گنتی کے لحاظ سے فوٹو کاپی کروائیں۔ اور ہر بچے کو ایک ایک کتاب دیں جو وہ گھر لے جائیں گے۔
- اگر یہ کام ٹیچر ایک دن میں نہ کرواسکیں تو ٹیچر اس کام کو کرنے کے لئے ایک دن اور لے لیں ۔ اگلے دن کلاس میں پڑھائی اور لکھائی کا کام کروائیں۔

## سیشن 5

10 منٹ
- آج ٹیچر ایک مرتبہ پھر مکمل نظم پڑھ کر سنائیں۔
- پھر اس کے بعد ان دس بچوں سے پڑھائی کروائیں۔ جنہوں نے پہلے سبق نہیں پڑھا ہے۔

10 منٹ
- سبق میں سے پانچ الفاظ بورڈ پر لکھ دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ الفاظ پہلے کاپی پر اتار دیں۔ پھر ان الفاظ کے آسان آسان جملے بنائیں۔ بچوں سے کام جمع کریں اور تقریبا 6 سے آٹھ بچوں کو سامنے بلاکر ان کے جملے پڑھنے کو کہیں۔

25 منٹ
- ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ انہیں کھٹی چیزیں کیسی لگتی ہیں۔
- کچھ بچے خوش ہوکر کہیں گے کہ بہت اچھی۔ اب انہیں بتائیں کہ بعض کھٹی چیزیں نقصان بھی پہنچا سکتی ہیں۔ مگر اکثر اگر صحیح طریقے سے کھائی جائیں تو بہت مفید ہوتی ہیں۔ ان میں

وٹامن سی بھی ہوتا ہے۔ بچے اپنی پسند کی کھٹی چیزوں کی لسٹ کاپیوں میں بنائیں۔ مثلاً نیبو، املی، کینو، کچی کیری، جنگلی بادام وغیرہ وغیرہ۔ اس میں جو چیز سب سے زیادہ پسند ہو اس کی تصویر بھی بنائیں۔

# کھٹا بکرا

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.urdubooksforchildren.com
www.bookgroup.org.pk

NOT FOR SALE